## ایم کیوایم کے وفد کا ہنزہ جھیل سے متاثرہ علاقوں کا دورہ
## الطاف حسین کی جانب سے متاثرین کیلئے 20 لاکھ روپے امداد دی گئی
## وفد میں رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، حق پرست ارکان قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین،
## سفیان یوسف اور مقامی عہدیداران بھی شامل تھے

ہنزہ۔۔۔25 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون کی سربراہی میں ایک وفد نے عطا آباد جھیل سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے متاثرین کی امداد کیلئے 20 لاکھ روپے کی امداد دی گئی۔ وفد میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، سفیان یوسف ایم کیوایم گلگت زون کے آرگنائز ہدایت علی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر اور ارکان بھی شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے عطا آباد، سرٹ، آئین آباد، سلمان آباد اور شش کٹ اور گوجال میں قائم متاثرین کے کیمپوں کا دورہ کیا اور متاثرین کو درپیش مسائل سنے، اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے متاثرین کی امداد کے لئے 20 لاکھ روپے امداد دی۔ جناب الطاف حسین کی جانب سے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ متاثرین نے گفتگو کرتے ہوئے کہ ایم کیوایم کے وفد کو آبادکاری کے حوالہ سے معاوضہ، بچوں کے اسکول کی فیس، غذائی قلت، علاج، ومعالجہ کی سہولیات اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صرف شیش کٹ کے مقام پر ہزاروں کنال اراضی اور 133 گھرانے بری طرح سے متاثر ہوئے ہیں جبکہ مجموعی طور پر اربوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 4 ماہ گزر جانے کے باوجود گلگت بلتستان کی حکومت کی جانب سے حادثے کی روک تھام کیلئے مناسب اقدامات نہیں کئے۔ متاثرین نے جناب الطاف حسین کی جانب سے لاکھوں روپے کے امدادی سامان اور نقد رقم کی فراہمی پر ایم کیوایم سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جو اپنی جیب سے متاثرین کی عملی مدد کررہے ہیں۔ رضا ہارون نے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی اور ہنزہ متاثرین کے لئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لیا۔

## ہنزہ متاثرین کو گلگت کی قیمتی اراضی کے مساوی معاوضہ دیا جائے۔ رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔25 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ ہنزہ متاثرین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں اور ان کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہنزہ جھیل کے سانحہ سے متاثرین شدید مالی بحران کا شکار ہیں اور اپنی عمر بھر کی پونجی سے محروم ہوگئے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ متاثرین کو گلگت کی قیمتی اراضی کے مساوی معاوضہ دیا جائے تاکہ وہ دوسری جگہ اتنی ہی زمین خرید سکیں، جو کہ ان کی تھی ان کے بچوں کے اسکول کی فیس معاف کی جائے بالخصوص پرائیوٹ اسکول کے مالکان، متاثرین کی دل کھول کر مدد کریں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ سانحہ ہنزہ جھیل کی مکمل عدالتی تحقیقات کرائی جائے اور اس کے ذمہ داروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم کی اندورن سندھ میں رکنیت سازی مہم، نوابشاہ اور ٹھٹھہ میں خواتین کی رکنیت سازی کیمپوں کا انعقاد
## کیمپوں پر خواتین کا زبردست ہجوم، بزرگ اور معذور خواتین نے بھی رکنیت سازی فارم پُر کروا کر ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کی

حیدرآباد۔۔۔25 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سندھ بھر میں رکنیت سازی مہم بدستور جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم نوابشاہ اور ٹھٹھہ زون کے تحت خواتین کی رکنیت سازی کے کیمپوں کا انعقاد کیا گیا۔ رکنیت سازی کیمپوں پر خواتین کا زبردست ہجوم دکھائی دیا جن میں بزرگ اور معذور خواتین بھی شامل تھیں۔ اس موقع پر ان کا جوش وخروش قابل دید تھا، ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی ارکان محترمہ عائشہ آفتاب، محترمہ عابدہ سیف، حق پرست خواتین ارکان اسمبلی محترمہ ہیر سوہو اور آنسہ بلقیس مختار نے خواتین کے رکنیت سازی کے فارم پُر کئے اور انہیں متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر حق پرست خواتین ارکان اسمبلی نے کہا کہ یہ قائد

تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات اور درس کا نتیجہ ہے کہ آج اندرون سندھ کی مائیں اور بہنیں بھی حق پرستی کی تحریک میں جوق در جوق شمولیت اختیار کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ جس تحریک میں خواتین کی اتنی بڑی تعداد موجود ہواس کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہوسکتی اور ایم کیوایم ایک دن ضرور ملک بھر سے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ کرکے مظلوم عوام اور خواتین کے بنیادی حقوق کا حصول یقینی بنائے گی۔

## پاکستان کرکٹ بورڈ میں اصلاحات پر توجہ دی جائے گی،قومی اسمبلی کی مجلس قائمہ برائے کھیل کے چیئرمین اقبال محمد علی خان

## حسن ابدال کے قصبہ میر پور میں کرکٹ ٹورنامنٹ کی تقریب اسناد سے خطاب

## اقبال محمد علی نے ٹورنامن کی فاتح ٹیم اور منتظمین کیلئے نقد انعامات بھی دیئے

حسن ابدال۔۔۔25مئی2010

متحدہ قومی موومنٹ کے قومی اسمبلی کی مجلس قائمہ برائے کھیل کے چیئرمین اقبال محمد علی خان نے کہا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ میں اصلاحات پر توجہ دی جائے گی تا کہ پاکستان میں کرکٹ کا کھیل حقیقی معنوں میں فروغ پائے اور کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی، نئے ٹیلنٹ کے فروغ کے ساتھ ساتھ ایسے عوامل کو روکا جاسکے جن سے ٹیم، بورڈ اور پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے۔وہ یہاں تحصیل حسن ابدال کے قصبہ میر پور میں کرکٹ ٹورنامنٹ کی تقریب اسناد سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر ایم کیوایم اپر پنجاب زون کے زونل انچارج زاہد ملک کے علاوہ تحصیل حسن ابدال کے سرگرم کارکن حاجی اشفاق خان سمیت کارکنوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔اقبال محمد علی خان نے کہا کہ پاکستان اس لحاظ سے بہت خوش قسمت ملک ہے کہ یہاں نوجوانوں میں بے پناہ صلاحتیں ہیں اور اس کا ثبوت یہ ہے کہ کھیل کے گراؤنڈ، تربیت اور دیگر سہولیات نہ ہونے کے باوجود نوجوان کرکٹ کھیلتے ہیں اور بے پناہ صلاحیت اور مہارت حاصل کرلیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ہم موجودہ حیثیت میں ایسے اقدامات کریں جس سے اس کھیل کا معیار بہتر ہو،نوجوانوں کو علاقہ،صوبہ اور قومی سطح پر اس کھیل کے لئے مناسب مواقع دستیاب ہوں اور اس کے ساتھ ساتھ ایسا منصفانہ طریقہ کار اپنایا جائے جس میں غریب اور متوسط گھرانوں کے باصلاحیت نوجوان قومی اور بین الاقوامی سطح پر کرکٹ کھیل کر ملک کا نام روشن کریں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا پیغام اور قائد تحریک الطاف حسین کا فلسفہ ہی یہ ہے کہ غریبوں اور متوسط طبقہ سے باصلاحیت نوجوانوں کو آگے لایا جائے تا کہ وہ مصطفی کمال اور کنور نوید بن کر اپنے اپنے علاقوں اور ملک کی خدمت کی ایک نئی مثال بن کر ابھریں اور ملک کی نیک نامی بڑھائیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان ملک اور قوم کے لئے بے مثال سرمایہ ثابت ہوسکتے ہیں اگر وہ واضح نظریات اور درست تربیت کے نتیجہ میں اپنا عملی کردار ادا کریں اور محض تماشائی بننے اور خود کو حالات کے رحم وکرم پر چھوڑنے کے بجائے حالات کے تقاضوں کو سمجھیں اور پھر اپنی،اپنے علاقہ اور ملک کی تقدیر بدلنے کے لئے متوسط اور غریب طبقات سے قیادت کو سامنے لانے کے لئے تحریک کا حصہ بنیں۔اقبال محمد علی خان نے ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو 5ہزار، دوسرے نمبر پر آنے والی ٹیم کو 4ہزار اور منتظمین کو دس ہزار روپے کا انعام بھی دیا۔

## کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن حنیف میمن کی علالت پر الطاف حسین کی تشویش،عوام سے دعائے صحت کی اپیل

## شعیب بخاری ایڈوکیٹ اور ڈاکٹر ندیم احسان نے کراچی کے مقامی اسپتال میں حنیف میمن کی عیادت کی

لندن۔۔۔25رمئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن حنیف میمن کی علالت پر اپنی تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں، بزرگوں اور نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ حنیف میمن کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر سید شعیب احمد بخاری ایڈوکیٹ،حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان نے کراچی کے مقامی ہسپتال میں کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن حنیف میمن کی عیادت اور وہاں پر موجود ان کے اہلخانہ سے ان کی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے انچارج وارا کین بھی موجود تھے۔

## گوٹھ چتو دیسرو کے ماجد حسین تنیہ اور حبیب اللہ تنیہ نے اپنے گوٹھ سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان

قمبر شہداد کوٹ۔۔۔25، مئی 2010ء

قمبر شہداد کوٹ تحصیل نصیر آباد گوٹھ چتو دیسرو کے ماجد حسین تنیہ اور حبیب اللہ تنیہ نے اپنے گوٹھ سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے یہ گوٹھ 400 سے زائد گھرانے پر مشتمل ہے۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ گوٹھ چتو دیسرو میں منعقدہ اجتماع میں کیا جس میں تنیہ برادری کی دعوت پر ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ کے زونل انچارج ذوالفقار شیخ،لاڑکانہ زون کے انچارج عبیداللہ بلیدی،ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون کے جوائنٹ زونل انچارج وزیر علی مگسی،اراکین سید ممتاز شاہ،امتیاز علی لاکھو،عبداللہ اور آصف علی سومرو نے شرکت کی۔ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اب متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کی امیدوں کا واحد مرکز ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین جس مثبت سوچ کے ساتھ غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کی عملی جدوجہد کررہے ہیں اب ہم اس کا حصہ بن چکے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جاگیردارانہ،وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا خاتمہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے میں ہی مضمر ہے اور جناب الطاف حسین جس مثبت سوچ اور سمت میں اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں ان کی یہی مثبت سوچ اور سمت ملک وقوم کو روشن راہیں فراہم کرسکتی ہیں۔ایم کیوایم قمبر شہداد کوٹ زون کے انچارج ذوالفقار شیخ نے گوٹھ چتو دیسرو کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا خیر مقدم کیا اور ان کی شمولیت کو حق پرستی کی تحریک کیلئے خوش آئند قرار دیا۔

## روزنامہ نوائے وقت کے سب ایڈیٹر محمد شاکر کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ نوائے وقت کے سب ایڈیٹر محمد شاکر کے چھوٹے بھائی محمد شکیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملتان زون کبیروالا یونٹ کمیٹی کے رکن ملک یٰسین حرکت قلب بند ہونے سے انتقال کرگئے
## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لوئر پنجاب ملتان زون ضلع خانیوار تحصیل کبیروالا یوسی 38 کے یونٹ کمیٹی کے رکن ملک یٰسین حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث گزشتہ روز انتقال کرگئے۔(انا اللہ وانا الیہ راجعون)مرحوم کے پسماندگان میں بیوہ،5 لڑکے اور ایک بیٹی شامل ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ملتان زون کبیروالا تحصیل یوسی 38 کے کمیٹی رکن ملک یٰسین کے اچانک انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک یٰسین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی ملک یٰسین کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆